پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

7 **جون** 2016

ریزروبینک آف انڈیا نے سری کلاہستی کوآپریٹو ٹاؤن بینک لمٹیڈ، سری کلاہستی، آندھرا پردیش'' پر جرمانہ عائد کیا

ریزروبینک نے ''سری کلاہستی کوآپریٹو ٹاؤن بینک لمٹیڈ، سری کلاہستی، آندھرا پردیش'' پر ایک لاکھ روپیہ (Rs.1,00,000/-) کا مالی جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن (b)(1)47A جس کو سیکشن (4)46 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے (جیسا کہ کوآپریٹو سوسائٹیز پر لاگو ہے) میں حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے عائد کیا ہے۔ کوآپریٹو بینک پر یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 20 اور سیکشن 20A (جیسا کہ کوآپریٹو سوسائٹیز پر لاگو ہے) کی خلاف ورزی ریزرو بینک کے احکامات کی خلاف ورزی کرتے ہوئے قرضہ جات بینک کے ڈائریکٹرس اور ان کے رشتہ داروں کو فراہم کیئے گئے، کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

ریزروبینک نے کوآپریٹو بینک کو ایک وجہ بتاؤ (شوکاز) نوٹس جاری کیا تھا۔ اس کے جواب میں ایک تحریری وضاحت بینک نے دی۔ معاملہ کی حقیقت پر غور کرنے اور کوآپریٹو بینک کے جواب کے بعد ریزروبینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور اس بینک پر جرمانہ عائد کر دیا گیا۔

پریس ریلیز 2841/2015-2016

سنگیتہ داس
ڈائریکٹر